# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مراسلہ نمبر 529 رجسٹریشن — مورخہ 01-07-2025

## ﴿نوٹیفکیشن برائے پرائیویٹ طلباء/طالبات﴾

عنوان: آن لائن پری انرولمنٹ شیڈول پرائیویٹ طلباء/طالبات برائے سیکنڈری سکول جماعت نہم (Class-IX) اور (نہم و دہم کمپوزٹ) / علوم شرقیہ پہلا سالانہ امتحان 2026

اطلاعاً تحریر ہے کہ سیکنڈری سکول جماعت نہم (Class-IX) اور (نہم و دہم کمپوزٹ) / علوم شرقیہ کی پری آن لائن انرولمنٹ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ -/1150 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ -/870 روپے ٹوٹل مبلغ -/2020 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | پرائیویٹ طلباء/طالبات بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود آن لائن انرولمنٹ فارم مکمل کرنے کے بعد ہارڈ کاپی حاصل کرکے بینک میں مقررہ فیس درج ذیل تواریخ تک جمع کرواسکتے ہیں۔ فیس جمع کروانے کے بعد طلباء/طالبات (Candidate Copy) اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ مزید راہنمائی کے لیے ہدایات ملاحظہ فرمائیں۔ |
|---|---|---|
| (i) | انرولمنٹ برائے جماعت نہم اور (جماعت نہم و دہم کمپوزٹ) / علوم شرقیہ پہلا سالانہ امتحان 2026 کے لیے بغیر لیٹ فیس مبلغ -/2020 روپے کے ساتھ انرولمنٹ کروانے کی تواریخ | **مورخہ 10-جولائی 2025**<br>**تا**<br>**سیکنڈری سکول پہلا سالانہ امتحان 2026ء کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا (Triple Fee) کی آخری تاریخ تک** |
| (ii) | **تحریر بالا (i) شیڈول کے اختتام کے بعد مبلغ -/1000 روپے جرمانہ کے ساتھ انرولمنٹ کروانے کی تواریخ** | طلباء/طالبات کی سہولت کے پیش نظر مذکورہ امتحان کے انعقاد سے آٹھ یوم قبل تک فیس مبلغ -/2020 روپے اور جرمانہ مبلغ -/1000 روپے ٹوٹل فیس -/3020 فی طالب علم/طالبہ انرولمنٹ کروائی جاسکتی ہے واضح رہے کہ امیدواران امتحانی داخلہ فارم جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہی جمع کروانے کے پابند ہونگے |

### ﴿ہدایات﴾

دفتری قوائد کے مطابق جماعت نہم (9th) کی انرولمنٹ کرتے وقت یکم اگست 2025 تک طالب علم/طالبہ کی کم از کم عمر 11 سال 2 ماہ مقرر کی گئی ہے۔ تاہم (نہم/دہم کمپوزٹ) امیدواران کے لیے عمر کی حد سابقہ طریقہ کار کے مطابق ہی ہوگی درج بالا شیڈول کے بعد کسی پرائیویٹ امیدوار کو انرولمنٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔ انرولمنٹ فیس درج بالا شیڈول کے اندر (HBL) کی کسی بھی برانچ میں جمع کروانے کے بعد بینک کی طرف سے واپس کی گئی (Candidate Copy) کو اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ واضح رہے کے اگر طلباء/طالبات اس سے قبل سیکنڈری سکول امتحان میں شرکت کر چکے ہوں یا انرولمنٹ کروانے کے بعد امتحان میں شرکت نہ کی ہو تو دوبارہ انرولمنٹ کی ہرگز ضرورت نہ ہے۔ انرولمنٹ کے کوائف کا اندراج (ب) فارم کے مطابق کریں نیز والد/والدہ کا درست شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا (ب) فارم نمبر لازمی تحریر کریں۔

**کوائف درستگی کا طریقہ کار:** انرولمنٹ فارم آن لائن کرتے وقت درست کوائف کا اندراج کریں غلط کوائف کی درستگی امتحانی داخلہ فارم جمع کروانے کے بعد بورڈ کے مجوزہ قانون کے تحت فیس کی ادائیگی پر کی جائے گی۔ **انرولمنٹ نمبر کے حصول کا طریقہ کار:** طلباء/طالبات انرولمنٹ نمبر (ب) فارم نمبر/فارم نمبر کے تحت بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) سے Search کر سکتے ہیں۔ امتحان میں شرکت کے لیے امتحانی داخلہ فارم شیڈول کے مطابق علیحدہ جمع ہوگا جس کا شیڈول بعد ازاں جاری کیا جائے گا۔ داخلہ فارم آن لائن کرنے کے لیے انرولمنٹ نمبر کا حصول ضروری ہے۔ انرولمنٹ کے سلسلہ میں دفتری قوائد وضوابط و شرائط لاگو ہوں گی۔

نوٹ: اولیول ایکولنس سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے اضافی مضامین کے امتحان میں شرکت کرنے والے نیز دیگر بورڈ سے آنے والے طلباء/طالبات N.O.C، رزلٹ کارڈ و دیگر دستاویزات جن کا تعلق امیدواران کی اہلیت سے ہوگا امتحانی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کرنے کے پابند ہوں گے۔ مذکورہ طلباء/طالبات آن لائن انرولمنٹ کے لیے (other Boards) کیٹگری کالم کا استعمال کریں۔ (Other Boards) کیٹگری کے تحت جماعت نہم/دہم (Composite) میں انرولمنٹ کروانے والے امیدواران پر مقرر کردہ عمر کی حد و دیگر دفتری قوائد وضوابط و شرائط لاگو ہوں گی۔ مزید رہنمائی کے لیے بورڈ ہذا کی رجسٹریشن برانچ کمرہ نمبر 110 میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

رضوان نذیر
سیکرٹری